No. of Printed Pages : 7

**7405**

*Register Number* | | | | | | | |

# Language — Part I — URDU

Time Allowed : 3.00 Hours ] [ Maximum Marks : 90

**Instructions :** (1) Check the question paper for fairness of printing. If there is any lack of fairness, inform the Hall Supervisor immediately.

(2) Use **Blue** or **Black** ink to write and underline and pencil to draw diagrams.

## PART-I / حصّہ اوّل

**14x1=14**

ذیل کے صحیح جواب انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھیئے :

Choose the correct answer.

1. حضرت یوسفؑ __________ کے لئے مشہور تھے۔

(الف) بہادری (ب) حیا (ج) دولت (د) قوّت

2. وہ نظم جس میں کسی شخص کے موت پر اظہارِ تاسف کیا جاتا ہے۔

(الف) غزل (ب) قصیدہ (ج) مرثیہ (د) مثنوی

3. تورات __________ کو عطا کی گئی۔

(الف) حضرت موسیٰؑ (ب) حضرت محمدؐ (ج) حضرت یحییٰؑ (د) حضرت عیسیٰؑ

4. اقراء کے معنیٰ __________ ہے۔

(الف) مت لکھو (ب) پڑھو (ج) مت پڑھو (د) لکھو

5. انسانی حقوق کا __________ سب سے پہلے اسلام نے پیش کیا۔

(الف) خیال (ب) مشورہ (ج) تصوّر (د) کلام

[ Turn over

6. WHO کا مطلب کیا ہے ؟

(الف) عالمی انسانی حقوق (ب) عالمی تعلیمی ادارہ (ج) عالمی کھیل کا ادارہ (د) عالمی ادارۂ صحت

7. حضرت عائشہؓ کے والد کا نام __________ ہے۔

(الف) حضرت عثمانؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت علیؓ (د) حضرت ابوبکرؓ

8. مولانا ابوالکلام آزاد __________ میں پیدا ہوئے۔

(الف) ہندوستان (ب) مدینہ (ج) مکّہ (د) ریاض

9. قواعد میں لفظ کو __________ کہتے ہیں۔

(الف) فاعل (ب) فعل (ج) صفت (د) کلمہ

10. ڈاکٹر عبدالکلام ''__________ مین'' کے نام سے مشہور ہیں۔

(الف) ایٹم (ب) راکٹ (ج) ہیلی کاپٹر (د) میزائیل

11. صفت عددی کی مثال __________ ہے۔

(الف) یہ (ب) چار لڑکیاں (ج) سخت (د) پانی لاؤ

12. ٹیپو سلطان __________ میں پیدا ہوئے۔

(الف) مدراس (ب) بنگلور (ج) دیونہلی (د) میسور

13. عالمی دوستی __________ دن منایا جاتا ہے۔

(الف) 26 جنوری (ب) 30 جولائی (ج) 14 نومبر (د) 15 آگسٹ

14. مسٹر نعیم سرکار کے طرف سے __________ عہدے میں مقرّر تھے۔

(الف) ڈاکٹر (ب) وکیل (ج) انجینر (د) اڈوکیٹ جنرل

## PART-II / حصّہ دوّم

### SECTION - 1

جوابات دو یا تین سطروں میں لکھیئے ۔ 3x2=6

Answer in 2 - 3 sentences each.

کسی تین سوالات کے جوابات لکھیئے ۔

Answer **any three** questions.

15. یٰسین ، طٰہٰ ، مزمّل کس کے نام ہیں ؟

16. غالب کی چند خوبیوں کا ذکر کیجئے ۔

17. شاعر کے نزدیک توحید کا کیا مفہوم ہے ؟

18. حضرت حسینؓ کو دیکھ کر دشمنوں نے کیا کیا ؟

### SECTION - 2

کسی دو سوالات کے جوابات لکھیئے ۔ 2x2=4

Answer **any two** questions.

19. اِنسولن کسے کہتے ہیں ؟

20. ٹیپو سلطانؒ کا تاریخ ساز جملہ کونسا ہے ؟

21. ڈاکٹر ۔ اے ۔ پی ۔ جے ۔ عبدالکلام کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

### SECTION - 3

کسی سات سوالات کے جوابات مختصر طور پر لکھیئے ۔ 7x2=14

Answer **any seven** questions.

22. (الف) لگاتار فیور (Fever) سے میں ویک (Weak) ہو گیا تھا۔

(ب) اسکول کی بلڈنگ بہت اسٹرانگ (Strong) ہے۔

23. املادرست کریں :

(الف) والدین کے سات اچھا برطاؤ کرو

(ب) تاج محل بھوت خوبسورت ہے۔

24. ان کی ضد لکھیئے۔

عرش ۔ جفا۔

25. الفاظ کو اُلٹ پھیر کر درست کیجئے۔

اناجوں سے غذا سے برسات سے طوفان سے

ہوا سے پانی سے مٹی کے خزانوں سے

26. ان کے معنیٰ لکھیئے۔

پیمائش ۔ معاون۔

27. دئے گئے اسم میں مذکر اور مؤنث الگ کریں۔

لڑکا ۔ چھری ۔ عورت ۔ بکرا۔

28. دئے گئے ضرب الامثال کے معنیٰ لکھیئے۔

(الف) دودھ کا دودھ پانی کا پانی

(ب) گھر کی مرغی دال برابر

29. محاورات کو مناسب جملوں میں استعمال کیجئے۔

(الف) بول بالا ہونا

(ب) دم بخود ہونا

30. ذیل کے جملوں میں فعل فاعل اور مفعول پہچانیے ۔

(الف) فہمان سبق پڑھ رہا ہے۔

(ب) استاد نے شاگرد کو سزا دی۔

## PART-III / حصہ سوّم

### SECTION - 1

کسی دو سوالات کے جوابات لکھیے ۔ 2x4=8

Answer **any two** questions

31. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبادت کے لئے کہاں تشریف لے جاتے تھے ؟

32. امیر کارواں سے کیا مراد ہے ؟

33. مقطع اور مطلع کی تعریف بیان کرو۔

34. رباعی کی تعریف کرتے ہوئے اہم شاعروں کے نام بتایئے ؟

### SECTION - 2

ذیل سے کسی دو سوالوں کے جوابات لکھیے ۔ 2x4=8

Answer **any two** questions.

35. صلہ رحمی اور قطع رحمی کیا ہے ؟

36. حاتم طائی اور ان کے مہمان کا واقعہ کو مختصر لکھیے ۔

37. حضرت عائشہؓ کی چند فضیلتیں بیان کرو ؟

38. مولانا آزاد کے اندر کون سی خوبیاں پائی جاتی تھی ؟

## SECTION - 3

3x4=12 ذیل کے کسی تین کے جواب لکھیئے ۔

Answer **any three** questions.

39. ذیل کے جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے

1. Man Proposes - God disposes
2. East or west home is the best
3. No pain No gain
4. Covert all lose all

40. متن کے حوالے سے تشریح کرتے ہوئے شاعر کا نام ردیف قافیہ بتایئے ؟

Read the couplet and answer the following.

''دشمن بھی کہہ اٹھے یہ پیغمبرؑ کا پھول ہے''
آنکھوں میں صاف گردش چشم رسول ہے۔

41. محلے کی سڑکوں کو درست کرنے کی درخواست کرتے ہوئے میونسپل کمشنر کے نام خط لکھیئے ۔

42. پراسرار باغیچہ کا منظر کیسا تھا ؟

43. ''کسی سے نہ کہنا'' کا خلاصہ مختصر لکھیئے؟

## PART-IV / حصّہ چہارم

3x6=18 ذیل کے سوال کا جواب تفصیلی طور پر لکھیئے ۔ جواب دو صفحوں سے زائد نہ ہو۔ صرف تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ۔

Answer **any three** questions in detail.

44. (a) ''حمد'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے ۔

**یا**

(b) ''مساوات'' نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں پیش کرو۔

45. (a) مولانا ابوالکلام آزادؒ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں پیش کرو۔

**یا**

(b) حضرت عائشہؓ عنہا کا خلاصہ اپنے الفاظ میں پیش کرو۔

46. (a) ''ممنوعہ جزیرہ'' افسانے کے مرکزی خیال کی وضاحت کرتے ہوئے تشریح کرو۔

**یا**

(b) ہیکل سلیمانی ؑ کا خلاصہ پیش کرو۔

## حصّہ پنجم / PART-V

47. اپنی یاد داشت کے سہارے نظم تحریر کرو **4+2=6**

(الف) ہم نے تجھے جانا---------- (سے) پانی سے ہوا سے (تک)

(ب) تم یوں ہی سمجھنا---------- (سے) قضا میرے لئے ہے (تک)

- o O o -